| سلسلہ نمبر | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۱ | ادریس | ۳۴ |
| ۲۲ | ازواجك (اللاتی) | ۳۶ |
| ۲۳ | ازواجك | ۳۶ |
| ۲۴ | ازواجه | ۳۶ |
| ۲۵ | اسباط | ۳۷ |
| ۲۶ | اسحٰق | ۳۷ |
| ۲۷ | اسرائیل | ۴۱ |
| ۲۸ | اسمٰعیل | ۴۳ |
| ۲۹ | اصحٰب الاخدود | ۴۵ |
| ۳۰ | اصحاب الایکة | ۴۶ |
| ۳۱ | اصحاب الحجر | ۴۷ |
| ۳۲ | اصحاب الرس | ۴۸ |
| ۳۳ | اصحاب السبت | ۴۹ |
| ۳۴ | اصحاب الفیل | ۵۰ |
| ۳۵ | اصحاب القریة | ۵۱ |
| ۳۶ | اصحاب الکهف والرقیم | ۵۲ |
| ۳۷ | اصحاب مدین | ۵۳ |
| ۳۸ | اصحاب موسیٰ | ۵۳ |
| ۳۹ | (ال) اعمیٰ | ۵۴ |
| ۴۰ | الله | ۵۵ |
| ۴۱ | الّتی (احصنت فرجها) | ۵۶ |
| ۴۲ | التی (هو فی بیتها) | ۵۷ |
| ۴۳ | الذی (اٰتیناه اٰیاتنا) | ۵۸ |
| ۴۴ | الذی (انعم الله وانعمت علیه) | ۶۰ |
| ۴۵ | الذی (تولی کبره منهم) | ۶۱ |
| ۴۶ | الذی (حاج ابراهیم فی ربه) | ۶۲ |
| ۴۷ | الذی (عنده علم من الکتاب) | ۶۳ |
| ۴۸ | (ک) الذی (مر علی قریة) | ۶۴ |
| ۴۹ | الیاس / الیاسین | ۶۵ |
| ۵۰ | الیسع | ۶۶ |
| ۵۱ | امرأة (تملکهم) | ۶۸ |
| ۵۲ | امرأة العزیز | ۶۹ |
| ۵۳ | امرأة عمران | ۷۰ |


Marfat.com

| سلسلہ نمبر | عنوان | صفحہ | سلسلہ نمبر | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۴ | امراۃ فرعون | ۷۱ | ۷۱ | اہل مدین | ۸۳ |
| ۵۵ | امراتاک | ۷۲ | ۷۲ | ایوب | ۸۴ |
| ۵۶ | امراۃ لوط | ۷۲ | | (حرف ب) | |
| ۵۷ | امراۃ نوح | ۷۴ | ۷۳ | بشر | ۸۶ |
| ۵۸ | امراتہ (۱) | ۷۴ | ۷۴ | بعض ازواجہ | ۸۷ |
| ۵۹ | امراتہ (۲) | ۷۵ | ۷۵ | بعلاً | ۸۷ |
| ۶۰ | امراتہ (۳) | ۷۶ | ۷۶ | بنانی | ۸۸ |
| ۶۱ | امراتہ (۴) | ۷۷ | ۷۷ | بنو اسرائیل | ۸۹ |
| ۶۲ | امراتی | ۷۷ | ۷۸ | بنی آدم | ۸۹ |
| ۶۳ | اُمّکَ | ۷۸ | ۷۹ | بنی اسرائیل | ۹۰ |
| ۶۴ | اُمّکِ | ۷۹ | ۸۰ | بنیہ | ۹۲ |
| ۶۵ | اُم موسیٰ | ۷۹ | | (حرف ت) | |
| ۶۶ | اُمّہٗ | ۸۰ | ۸۱ | تبّع | ۹۳ |
| ۶۷ | اُمّہ | ۸۱ | | (حرف ث) | |
| ۶۸ | اُمّیّ | ۸۱ | ۸۲ | ثمود | ۹۴ |
| ۶۹ | اہل البیت (۱) | ۸۲ | | (حرف ج) | |
| ۷۰ | اہل البیت (۲) | ۸۲ | ۸۳ | جالوت | ۹۷ |


Marfat.com

| سلسلہ نمبر | عنوان | صفحہ | سلسلہ نمبر | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸۴ | جبرئیل | ۹۸ | ۹۵ | روح القدس | ۱۱۳ |
| | (حرف ح) | | ۹۶ | روم | ۱۱۴ |
| ۸۵ | حمالۃ الحطب | ۱۰۰ | | (حرف ز) | |
| ۸۶ | حواریون / حوارئین | ۱۰۰ | ۹۷ | زکریا | ۱۱۵ |
| | | | ۹۸ | زیداً | ۱۱۶ |
| | (حرف د) | | | (حرف س) | |
| ۸۷ | داؤد | ۱۰۲ | ۹۹ | سامری | ۱۱۹ |
| | (حرف ذ) | | ۱۰۰ | سلیمان | ۱۲۱ |
| ۸۸ | ذوالقرنین / ذی القرنین | ۱۰۵ | ۱۰۱ | سُواعاً | ۱۲۲ |
| | | | | (حرف ش) | |
| | ذاالکفل | ۱۰۶ | ۱۰۲ | شاھد (من اھلھا) | ۱۲۴ |
| ۹ | ذاالنون | ۱۰۸ | ۱۰۳ | شاھد (من بنی اسرائیل) | ۱۲۴ |
| | (حرف ر) | | ۱۰۴ | شدید القویٰ | ۱۲۵ |
| ۹۱ | رجل (مومن) | ۱۱۰ | ۱۰۵ | شعیب | ۱۲۶ |
| ۹۲ | رسول (النبی الامی) | ۱۱۱ | | (حرف ص) | |
| ۹۳ | رسول (یاتی من بعدی) | ۱۱۱ | ۱۰۶ | صاحب الحوت | ۱۲۸ |
| ۹۴ | روح الامین | ۱۱۲ | ۱۰۷ | صاحبکم | ۱۳۰ |


Marfat.com

عراق (کلدانیہ) کا مذہب آپؑ کے زمانہ میں شرک کا تھا۔ آفتاب
ماہتاب پرستی، کواکب پرستی کے ساتھ ساتھ مورتی پوجا بھی جاری تھی۔ ا
آپ کے والد آزر تو بت تراش و بت فروش بھی تھے۔ آپ نے شر
ہی سے اس کے خلاف علم بغاوت بلند کیا۔ اور ایک عام فہم استدلال
جسے قرآن نے نقل کیا ہے۔ اس نتیجہ تک بہ آسانی پہنچ گئے کہ ستارے
سورج جیسی تغیر پذیر اور غروب ہو جانے والی (حادث) ہستیاں
اس قابل نہیں کہ معبود یا الہٰ مانی جائیں۔ اس توحید کی تبلیغ آپؑ نے ا
والد پر بھی کی۔ وہ ناخوش ہو کر بولے، کہ اگر تم اس بد مذہبی سے باز نہ آ
تو تمھیں سنگسار کرا دوں گا۔ اس پر بھی آپؑ نے ان کے حق میں دُعا
ان پر تبلیغ جاری رکھی۔ مشرک بادشاہ وقت نے غضبناک ہو کر آپؑ
آگ کی بھٹی میں جھنکوا دیا۔ قدرت حق سے آگ آپ پر گلزار بن
خانۂ کعبہ کی بنیاد بھی آپ ہی نے رکھی۔ اور اپنے کم عمر صاحبزادے
حضرت اسمٰعیل کے ساتھ مل کر اُسے تعمیر کیا۔

## (۱۱) ابلیس - ابلیس

البقرۃ ع ۴۔ الاعراف ع ۲۔ الحجر ع ۳۔ بنی اسرائیل ع ۷
الکہف ع ۷۔ طٰہٰ ع ۷۔ الشعراء ع ۵۔ سبا ع ۲
صٓ۔ ع ۵ (دوبار)

Marfat.com

# (ح)

## (۸۵) حمالۃ الحطب۔ لکڑی اُٹھانے والی

اللھب۔

ملاحظہ ہوں عنوانات: ابی لھب۔ وامرأتہ

## (۸۶) حواریون / حوارئین — حواریون

آل عمران ع ۵۔ المائدہ ع ۱۵ (۲ بار) الصف ع ۲ (دو بار)

پہلی آیت میں ہے کہ جب مسیح نے کہا کہ میرا مددگار کون ہوگا تو: حواری بولے کہ ہم ہیں اللہ کے مددگار۔ دوسری جگہ یہ یاد دلایا ہے کہ: جب میں نے حواریوں کو ایا کیا کہ مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لائیں۔ تیسری بار اسی سے بالکل متصل ہے کہ: جب حواریوں نے کہا کہ اے عیسیٰ بن مریم الخ۔ چوتھی اور پانچویں جگہ ہے کہ: جیسے عیسیٰ بن مریم نے حواریوں سے کہا کہ میرا کون مددگار ہوگا اللہ کے لئے۔ حواری بولے کہ ہم ہیں اللہ کے مددگار۔

حواری کے لفظی معنی کپڑا دھو کر اُسے اُجلا کرنے والے کے ہیں۔

Marfat.com

بادشاہ منتخب کیا، اور دو سال کی کش مکش کے بعد باقی اسرائیلی قبیلوں نے بھی آپ پر اتفاق کر لیا۔ سات سال تک آپ نے اپنا پایۂ تخت ہبرون (موجودہ الخلیل) رکھا۔ اس کے بعد یروشلم کو دشمنوں کے قبضہ سے نکال کر اسے اپنا دارالحکومت بنایا۔ اپنے گردو پیش کے حکمرانوں کو مسخر و مغلوب کیا۔ اور اپنے حدودِ سلطنت کو خوب وسیع کیا۔ آپ کا عہد حکومت تاریخ اسرائیل میں فتوحات ملکی اور حسن انتظام دونوں کے لئے یادگار رہے۔

آپ صنعت زرہ سازی سے واقف تھے۔ اور آپ کی آواز میں وہ درد و اثر تھا کہ پرندے تک اس سے متاثر ہو جاتے۔ قوم اسرائیل آپ کی ذات پر ناز رہے۔ اور اپنے ہاں یہ لوگ آپ کو بہ طور نمونہ یا مثال کے پیش کرتے رہے ہیں۔

Marfat.com

اور اس تیسری منات کے حال میں بھی کبھی غور کیا ہے؟

یہ عرب میں قوت و طاقت کی دیوی تھی، جیسے ہندوستان میں درگا
یہ دیوی قبیلہ غطفان کی تھی، اور اس کی مورتی نخلہ میں نصب تھی۔ ظہور ا
کے وقت اسی کا نام دیویوں میں سب سے زیادہ مشہور تھا۔ اسی مورتی
پاس ہی ایک مندر میں درخت بھی تھا۔ اس کے پروہت بنی صرمہ کے لوگ
تھے اور قریش بھی اس کی تعظیم کرتے تھے۔

اس کا تلبیہ ان الفاظ میں نقل ہوا ہے۔ لبیک اللھم لبیک۔ لب
وسعدیک ما احبنا الیک۔

رسول اللہ صلعم نے اپنے زمانہ میں خالدؓ بن الولید صحابی کو بھیجا
نے جاکر مورتی توڑی۔ مندر کو گرایا، اور درخت کو کاٹ ڈالا۔

## (۱۲۰) عُزیر - عُزیر

التوبتہ، ع ۵

نام کے ساتھ ذکر صرف ایک جگہ آیا ہے: یہود کہتے ہیں کہ عُزیر خدا
فرزند (مجازی) ہیں۔

عزیر یا توریت کے تلفظ میں عزرا (متوفی غالباً ۴۰۵ ق م
کے مذہبی نوشتوں میں نبی سے زیادہ کاتب کی حیثیت سے مشہور ہیں
کاتب سے مراد کاتب توریت ہے۔ بخت نصر (متوفی ۵۶۱ ق م
حملہ یروشلم اور اس کی کامل تباہی و بربادی کے بعد جب توریت کا

Marfat.com

توریت میں اسے قو طیفار سے تعبیر کیا گیا ہے۔ اور اس کا ذکر صحیفۂ پیدائش
میں دو بار آیا ہے۔

ملاحظہ ہو عنوان: التی بورکنا فیھا۔

## (۱۲۲) عُصبۃٌ (منکم) تم میں کا ایک گروہ

النور، ع ۲

مومنین و منافقین مدینہ کو مخاطب کرکے اور حرم رسولؐ سے متعلق ایک
تفضیحی واقعہ کی طرف اشارہ کر کے ارشاد ہوا ہے: جن لوگوں نے یہ طوفان
اٹھایا ہے۔ وہ تم میں کا ایک (چھوٹا سا) گروہ ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ پر تہمت لگانے والے چھوٹے سے گروہ کے افراد
کے یہ چار نام سیرت کی کتابوں میں منقول چلے آتے ہیں۔ عبداللہ بن ابی
(مشہور منافق اور اس تہمت کا بانی) حسان بن ثابت۔ مسطح بن اثاثہ۔ اور
حمنہ بنت جحش۔

## (۱۲۳) عیسیٰ۔ عیسیٰ

البقرۃ ع ۱۱۔ البقرۃ ع ۱۶۔ البقرۃ ع ۳۳ آل عمران ع ۴
(دوبار) آل عمران ع ۵ (دوبار) آل عمران ع ۱۹ النساء ع ۲۲
النساء ع ۲۳۔ المائدہ ع ۷۔ المائدہ ع ۱۱۔ المائدہ ع ۱۵ (دوبار) المائدہ
ع ۱۶۔ الانعام ع ۱۰۔ مریم ع ۲۔ الاحزاب ع ۱۔ الشوریٰ ع ۲۔ الزخرف ع

Marfat.com

نام ہے۔ اس کے مورث اعلا کا نام نضر بن کنانہ تھا۔ قریش کے لفظی معنی مجمع یا اجتماع کے ہیں۔ جب سے قصی بن کلاب نے انھیں مکہ میں اکٹھا کر دیا اسی معنی کے لحاظ سے انکا نام قریش پڑ گیا۔

قوم قریش متعدد قبیلوں پر شامل تھی۔ مشہور ترین قبیلے یہ دو تھے۔

(۱) بنی ہاشم۔ جس میں رسول اللہ صلعم کے علاوہ علیؓ۔ عباسؓ، حمزہؓ جعفرؓ۔ ابوطالب ابولہب وغیرہ ہوئے ہیں۔

(۲) بنی اُمیہ۔ جس کے اکابر میں نام حضرت عثمانؓ۔ ابو سفیانؓ۔ امیر معاویہؓ کے لیے جا سکتے ہیں۔

نسبتہ کم مشہور، پھر بھی اپنے زمانے میں اچھے خاصے معارف معروف۔ حسب ذیل قبیلے بھی اس قوم کے گزرے ہیں:۔

بنی مخزوم۔ (ابو جہل اور خالد بن ولیدؓ کا قبیلہ) بنی عدی (حضرت عمرؓ کا قبیلہ) بنی تیم (حضرت ابوبکر صدیقؓ کا قبیلہ) بنی اسد۔ بنی سہم، وغیرہ۔

جنگ جوئی و نبرد آزمائی تو سارے عرب میں مشترک تھی۔ اس سے قطع نظر قریش کا مخصوص شغل تجارت اور کاروبار تھا۔ تجارت معمولی درجہ کی نہ تھی۔ قریش تاجر بڑی دور دور، اپنے ملک سے باہر نکل جاتے تھے۔ اور اُن کے تجارتی قافلے شمال، جنوب، مشرق، مغرب چاروں سمتوں میں شام، یمن، عراق و حبشہ برابر آتے جاتے رہتے تھے۔

قریش، پاس عہد، ذوق سیاحی، اور تجارتی معاملات میں مہارت

Marfat.com

وہ اس کا حج کرتے اور اس کی تعظیم بجالاتے تھے۔ اور جب خانہ کعبہ کا طواف کر کے اور عرفات ہو کر منیٰ سے فراغت پاکر واپس آتے تھے۔ تو اپنے سر کے بال منات ہی کے پاس آکر اتروا تے تھے۔ اس کے ڈھانے کو سعد بن زید اشہلی روانہ ہوئے تھے۔ اور انھیں نے یہ مہم سر کی۔ ابن ہشام میں اس خدمت کو ابو سفیان کی جانب منسوب کیا ہے۔ اور نسک کے ساتھ حضرت علیؓ کی جانب بھی۔

## (۱۴۲) موسیٰ ۔ موسیٰ

البقرۃ، ع ۶ (چار بار) البقرۃ ع ۷ (دو بار) البقرۃ ع ۸۔ البقرۃ ع ۱۱ (دو بار) البقرۃ ع ۱۴۔ البقرۃ ع ۱۶۔ البقرۃ ع ۳۲۔ آل عمران، ع ۹۔ النساء، ع ۲۲ (دو بار) النساء، ع ۲۳۔ المائدۃ ع ۴ (تین بار) الانعام ع ۱۱۔ الانعام ع ۱۹۔ الاعراف ع ۱۳ (دو بار) الاعراف ع ۱۴ (تین بار) الاعراف، ع ۱۵ (دو بار) الاعراف، ع ۱۶ (تین بار) الاعراف ع ۱۷ (پانچ بار) الاعراف ع ۱۸ (دو بار) الاعراف، ع ۱۹ (دو بار) الاعراف، ع ۲۰ (دو بار) یونس ع ۸ (چار بار) یونس، ع ۹ (چار بار) ہود، ع ۲۔ ہود۔ ع ۱۰۔ ابراہیم، ع ۱ (دو بار) ابراہیم، ع ۲۔ بنی اسرائیل ع ۱۔ بنی اسرائیل ع ۱۱ (دو بار) الکہف، ع ۹ (دو بار) مریم، ع ۴ طٰہٰ، ع ۱ (چار بار)

Marfat.com

طٰہٰ، ع ۲ (تین بار) طٰہٰ، ع ۳ (پانچ بار) طٰہٰ، ع ۴ (چار بار)
طٰہٰ ع ۵۔ الانبیاء، ع ۴۔ الحج ع ۶۔ المومنون، ع ۳ (دو بار)
الفرقان، ع ۴۔ الشعراء، ع ۲۔ الشعراء، ع ۳ (تین بار) الشعراء
ع ۴ (چار بار)، النمل، ع ۱ (تین بار) القصص، ع ۱۔ القصص ع ۲
(چار بار) القصص، ع ۴ (چھ بار) القصص، ع ۵ (چار بار) القصص
ع ۸۔ العنکبوت، ع ۴۔ الاحزاب، ع ۹۔ الصافات، ع ۴ (دو بار)
المومن، ع ۳ (تین بار) المومن، ع ۴۔ المومن، ع ۶۔ حم السجدۃ
ع ۶۔ الشوریٰ، ع ۲۔ زخرف ع ۵۔ الاحقاف، ع ۲۔
الاحقاف، ع ۴۔ الذاریات، ع ۲۔ النجم، ع ۳۔ الصف، ع ۱
النازعات، ع ۱۔ الاعلیٰ، ع ۱

نام نامی ۱۲۸ بار آیا ہے۔ اور اس کثرت سے قرآن میں ذکر کسی دوسرے انسان کا نہیں آیا ہے۔

موسیٰ بن عمران نسل لاوہ بن یعقوبؑ (اسرائیل) سے تھے۔ اور سلسلۂ اسرائیل کے مشہور ترین پیغمبر گزرے ہیں۔ توریت میں تصریح ہے کہ عمر ۱۲۰ سال کی پائی۔ پیدائش مصر میں ہوئی اور وفات دشت سینا کے علاقہ مواب میں کوہ بنو پر۔

مورخین اور اثریین کا خیال ہے کہ آپ کا زمانہ پندرہویں اور سولہویں صدی قبل مسیح کا تھا۔ سر چارلس مارسٹن کے تخمینہ میں ولادت ۱۵۲۰ء ق م میں ہوئی۔ اور وفات ۱۴۰۰ء ق م میں ایک دوسرا تخمینہ

(ھ)

## (۱۴۸) ھاروت - ہاروت

البقرۃ، ع ۱۲

حضرت سلیمانؑ کے زمانہ کے شیاطین کے لئے آیا ہے کہ: وہ پیچھے لگ گئے اس علم کے جو ملک بابل میں دو فرشتوں ہاروت و ماروت پر اتارا گیا تھا

ملاحظہ ہو عنوان: ماروت

## (۱۴۹) ھارون - ہارون

النساء ع ۲۳- الانعام ع ۱۰- الاعراف ع ۱۴- الاعراف ع ۱۷- یونس، ع ۸- مریم، ع ۴- طٰہٰ، ع ۲ طٰہٰ- ع ۳ (تین بار) الانبیاء ع ۴- المومنون، ع ۲- الفرقان، ع ۴- الشعراء، ع ۲- الشعراء ع ۳- القصص- ع ۴- الصافات ع ۴ (دو بار)

ذکر مبارک ۲۰ بار آیا ہے- پہلی آیت میں دوسرے پیمبروں پر عطف کر کے یوں کہ: ہم نے وحی بھیجی ابراہیم ۔۔۔ اور یونس اور ہارون اور سلیمان پر دوسری آیت میں بھی دوسرے انبیاء کے سلسلہ میں یوں کہ: اور نوح کو ہم

Marfat.com

قبل تو یوسف کے بارہ میں تم تقصیر کر ہی چکے ہو۔ اٹھارویں جگہ حضرت یعقوبؑ کے ذکر میں کہ: کہنے لگے کہ ہائے یوسف، اور غم سے رو روتے ان کی آنکھیں سفید پڑ گئیں۔ انیسویں جگہ برادران یوسف کی زبان سے: تم تو واللہ یوسف ہی کی یاد میں سدا لگے رہو گے۔ بیسویں مرتبہ حضرت یعقوب کی زبان سے کہ: اے میرے بیٹو، جاؤ اور یوسف اور اس کے بھائی کی تلاش کرو۔ اکیسویں جگہ خود یوسفؑ عزیز مصر کی زبان سے اپنے بھائیوں کو مخاطب کر کے ہے کہ تمھیں وہ بھی یاد ہے جو تم نے یوسف اور ان کے بھائی سے برتاؤ کیا تھا۔ بائیسویں بار بھائیوں کی زبان سے ہے کہ: تو کیا تم یوسف ہی ہو؟ تئیسویں مرتبہ خود حضرت یوسف کی زبان سے ہے کہ: ہاں، میں ہی یوسف ہوں اور یہ ہے میرا بھائی۔ چوبیسویں مرتبہ خود حضرت یعقوب کی زبان سے اپنے لڑکوں کو مخاطب کر کے ہے کہ: اگر تم مجھے بالکل سٹھیایا ہوا نہ سمجھو تو مجھے تو یوسف کی خوشبو آرہی ہے۔ پچیسویں بار یوں کہ: جب وہ سب یوسف کے پاس پہنچے تو انھوں نے اپنے والدین کو اپنے پاس جگہ دی۔ چھبیسویں جگہ ایک مصری مرد مومن کی زبان سے: اور تمھارے پاس یوسف بھی اس کے قبل کھلے ہوئے دلائل لیکر آ چکے ہیں۔ لیکن تم شک ہی میں پڑے رہے۔

یوسفؑ بن یعقوبؑ بن اسحاقؑ بن ابراہیمؑ، جن کے خاندان میں تین پشتوں سے پیمبری چلی آرہی تھی، خود بھی پیمبر تھے۔ وطن و مسکن ارض فلسطین میں وادی جیبرون تھا۔ جسے اب: خلیل بھی کہتے ہیں، اور

Marfat.com

